© rasailojaraid.com

کے البموں کے اوراق کی سیر بھی ۔ ہر صفحے پر ڈیزائنر نے کئی کئی رنگ جمع کر دیئے ہیں ۔ بچے کی دلچسپی کی اشیاء کے ڈیزائن بھی ـــ بار بار بے اختیار واہ واہ کہنے کو جی چاہتا ہے ۔

صحیح راستے پر اس پہلے "سبز قدم" کے بعد ہم امید کرتے ہیں کہ اور بھی ارباب ذوق اقدام کریں گے ۔ معیار مطلوب یہ ہے کہ کسی بھی عمر کا بچہ جس بھی موضوع پر جس بھی ٹیسٹ کی کوئی چیز ڈھونڈنا چاہے (یا اس کے سرپرست ) تو انتخاب بلکہ ترجیح کا ہاتھ صرف پاکیزہ اور تعمیر پسندانہ لٹریچر ہی کی طرف بڑھے ۔

بغیر کسی ناقدانہ تجزیہ کے ، بر بنائے مسرت ہم نے محض یہ تعارفی سطور لکھ دی ہیں ۔ مصنف ، ناشر ، قارئین ، خصوصاً بچوں کو بہت بہت مبارک ہو !

واضح رہے کہ یہ "حصہ اول" ہے ، حصہ دوم بھی آسکتا ہے اور اس سے آگے بھی !

---

**ترجمان الحدیث ـــ سیرت نمبر** | مدیر اعلیٰ : مولانا احسان الٰہی ظہیر مرحوم ۔

مقام اشاعت : ۵ لوئر مال ۔ لاہور قیمت فی پرچہ ۳/- روپے ۔ سالانہ ۲۵/- روپے

علامہ احسان الٰہی ظہیر اور ان کے ساتھیوں پر سے جو موجِ خون گذری ہے ، اس کی وجہ سے خاص طور سے میں نے "ترجمان الحدیث" کے "سیرت نمبر" کا مطالعہ کیا ۔ اب بہت ہی مجمل الفاظ میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ اپنے اداریے میں سیرت کے بارے میں علامہ صاحب نے بڑی عالمانہ حیثیت سے چند باتیں بیان کی ہیں ۔ بقیہ مقالات جو مختلف اہلِ قلم حضرات کی طرف سے شامل ہیں ، بہت مفید اور صحیح معلومات پر مشتمل ہیں ۔ ان میں جابجا ضروری حوالے بھی آگئے ہیں ۔

---

**حوا کی بیٹی** | مؤلف : نصیر احمد خلیلی ۔ ناشر حسن البناء اکیڈمی ۔ گلی نمبر ۸ ۔ علامہ اقبال کالونی ۔ ٹینچ بھاٹہ راولپنڈی ۔ طبقہ نسواں کی مغرب زدگی پر اظہار خیال ۔

---

© rasailojaraid.com